Maulana Azad National Urdu University

Department of Economics

PG Programme

IV Semester Examination, April/May- 2026

Course Code: **MAEC402CCT**

Subject: **Public Economics**

Total Marks: 70 | Time: 3 Hours

**ہدایات:**

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم -ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃ ہے تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینالازمی ہے -

1. **حصہ اول** میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہوں پر کرنا/ مختصر جواب والے سوالات ہیں ہر سوال کا جواب لازمی ہے ہر سوال کے لیے 1 نمبر ہے

(10x1=10 marks)

2. **حصہ دوم** میں 8 سوالات ہیں،اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں ہر سوال کا جواب تقریبا (200) لفظوں پر مشتمل ہو۔

ہر سوال کے لیے 6 نمبرات مختص ہیں (5x6=30 marks)

3. **حصہ سوم** میں 5 سوالات ہیں،اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں ہر سوال کا جواب تقریبا (500) لفظوں پر مشتمل۔

ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں (3x10=30 marks)

---

## حصہ اول

1. سوال

I. میرٹ اشیا سے کیا مراد ہے؟

(a) وہ اشیاء جو صرف امیر لوگ استعمال کرتے ہیں
(b) وہ اشیاء جو بیرونِ ملک سے درآمد کی جاتی ہیں
(c) وہ اشیاء جن کے استعمال سے فرد اور معاشرہ دونوں کو فائدہ ہوتا ہے
(d) وہ اشیاء جن کے استعمال سے فرد اور معاشرہ دونوں کو نقصان ہوتا ہے

II. مخلوط معیشت کن دو شعبوں سے مل کر بنتی ہے؟

(a) زراعتی اور صنعتی شعبے
(b) زراعتی اور خدماتی شعبے
(c) عوامی اور نجی شعبے
(d) صنعتی اور خدماتی شعبے

III. مندرجہ ذیل اخراجات میں سے کن اخراجات کا شمار غیر ترقی یافتہ اخراجات میں کیا جاتا ہے؟

(a) بنیادی سہولتوں کے اخراجات
(b) سود کی ادائیگی کے اخراجات
(c) سماجی خدمات کے اخراجات
(d) کمیونٹی خدمات کے اخراجات

IV. زیرو بیس بجٹنگ(Zero Base Budgeting) کا تصور ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کی دہائی میں متعارف کرایا گیا تھا۔

a) 1970 (b) 1980
c) 1990 (d) 1960

V. براہ راست محصول کے معاملات میں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

a) محصول کا اثر و قوع ایک شخص پر ہوتا ہے (b) محصول کا اثر و قوع ایک شخص پر نہیں ہوتا ہے
c) محصول کو منتقل کر سکتے ہیں (d) ان میں سے کوئی نہیں

VI. داخلی قرض کی صورت میں قرض کا راست زری بوجھ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہوتا ہے۔

a) قرض کی مقدار کا دوگنا (b) قرض کی مقدار کے برار
c) قرض کی مقدار سے زیادہ (d) صفر

VII. ہندوستان میں زری پالیسی کو مندرجہ ذیل میں سے کون منظم کرتا ہے؟

a) حکومت (b) ریزرو بینک آف انڈیا
c) وزیر خزانہ (d) (a)اور(b)دونوں بھی

VIII. عوامی قرض کے بوجھ کی پیمائش کے لیے مندرجہ ذیل میں سے کس پیمانے / کن پیمانوں کا استعمال ہوتا ہے؟

a) قرض جی ڈی پی تناسب(Debt to GDP ratio) (b) قرض خدمت کا تناسب(Debt Service Ratio)
c) قرض خدمت۔ ٹیکس آمدنی کا تناسب (Debt Service-Tax Revenue ratio) (d) مندرجہ بالا سبھی

IX. Public Finance in Theory and Practice کس کی کتاب ہے؟

a) آڈم اسمتھ (b) الفریڈ مارشل
c) ریچرڈ مسگریو (d) ہیوڈالٹن

X. نظریۂ زائد بوجھِ محصول (Theory of Excess Burden of Taxation) کو مندرجہ ذیل میں سے کس نام سے جانا جاتا ہے؟

a) سماجی فائدہ (b) اتلاف کارکردگی خسارہ(Dead Weight Loss)
c) مالیاتی فائدہ (d) مالیاتی خسارہ

## حصہ دوم

2. عوامی شعبہ اور نجی شعبے میں فرق کو واضح کیجیے۔

3. ماہرین معاشیات کینس کے مطابق معیشت میں حکومت کے کردار کی وضاحت کیجیے۔

4. زیرو بیس بجٹنگ پر مختصراً نوٹ لکھیے۔

5. ہندوستان میں عوامی اخراجات میں اضافے کی اہم وجوہات پر روشنی ڈالیے۔

6. ٹیکس کا اثر(Impact)، وقوع(Incident) اور منتقلی(Shifting) کے تصورات کو ایک عدد مثال کے زریعے بیان کیجیے۔

7. بہترین ٹیکس(Optimal Taxation) کے نظریے کی مختصراً وضاحت کیجیے۔

8. کلاسیکی ماہرین معاشیات کے عوامی قرض کے نظریے کی وضاحت کیجیے۔

9. عوامی قرض کے انفکاک(Redemption) کے مختلف طریقوں پر روشنی ڈالیے۔

## حصہ سوم

10. عوامی اشیاء اور نجی اشیاء کو مثالوں کے زریعے واضح کرتے ہوئے ان کے درمیان فرق پر تفصیلی روشنی ڈالیے۔

11. دوہرے ٹیکس(Double Taxation) کے مسائل کو بیان کرتے ہوئے اس کے حل پر تبادلۂ خیال کیجیے۔

12. عوامی قرض سے کیا مراد ہے؟ عوامی قرض کے داخلی اور بیرونی ذرائع کو مع مثال بیان کیجیے۔

13. سماجی لاگت اور سماجی افادہ کے تصورات کو واضح کرتے ہوئے سماجی لاگت۔افادہ تجزیے(Social Cost-Benefit Analysis) کو بیان کیجیے۔

14. مالیاتی معاشیات کو واضح کرتے ہوئے اس کے موضوعات پر تفصیلی روشنی ڈالیے۔